| تیسری سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 3 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: توانائی اور اس کے ذرائع

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- یہ سمجھ سکیں کہ توانائی کے ذرائع بہت سے کاموں (مثلاً اجسام کی حرکت، حرارت، روشنی، آمدورفت اور برقی آلات وغیرہ) کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔
- توانائی کے قدرتی ذرائع مثلاً (سورج، لکڑی، بہتا ہوا پانی، ہوا، کوئلہ، تیل اور گیس) کو پہچان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''توانائی اور اس کے ذرائع'' نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- توانائی کن کن ذرائع سے حاصل کی جا سکتی ہے؟
- شمسی توانائی سے ہم کیا کیا فائدے حاصل کر سکتے ہیں؟

ان کے جواب سنیں اور درست جواب پر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں **بسم اللہ الرحمن الرحیم** ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 71 سے متن پڑھنے کو کہیں۔ طلبہ کو جہاں مشکل پیش آئے ان کی رہنمائی کریں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ آج ہم توانائی کے مزید دو ذرائع (لکڑی اور پانی) کے بارے میں جانیں گے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ ہم لکڑی سے بھی توانائی حاصل کر سکتے ہیں۔
- انھیں بتائیں کہ لکڑی کو جلا کر توانائی حاصل کی جاتی ہے۔ فلیش کارڈز سے جلتی ہوئی لکڑیوں کی تصاویر دکھائیں اور اس کے بارے میں پوچھیں۔ طلبہ کو فلیش کارڈز دکھا کر بتائیں کہ لکڑی کو جلانے سے حرارت اور روشنی حاصل ہوتی ہے۔ یہی حرارت اور روشنی ہمیں کھانا بنانے میں مدد دیتی ہے۔

- طلبہ کو بتائیں کہ دور دراز دیہات میں جہاں بجلی اور گیس نہیں ہوتی وہاں لوگ لکڑیاں جلا کر کھانا بھی بناتے ہیں اور سردیوں میں حرارت بھی حاصل کرتے ہیں اور روشنی کا کام بھی لیتے ہیں۔
- انھیں متن کی مدد سے پانی کے بارے میں بتائیں کہ پانی بھی ایک بہت بڑا ذریعہ ہے جس سے ہم توانائی حاصل کر سکتے ہیں۔ طلبہ کو بتائیں کہ پانی انسانوں پودوں اور جانوروں کی افزائش کے لیے ضروری ہوتا ہے پانی کے بغیر زندہ رہنا ناممکن ہے۔ پانی توانائی حاصل کرنے کا بہت بڑا ذریعہ ہے۔
- طلبہ کو ڈیم کا فلیش کارڈز دکھا کر بتائیں کہ پانی کے ذریعے بھی بجلی حاصل ہوتی ہے بہتا ہوا پانی اپنے اندر مختلف قسم کی توانائی کو محفوظ کر لیتا ہے اور یہی پن بجلی یعنی جو ہمارے گھروں میں بجلی استعمال ہو رہی ہے وہ بجلی بنانے میں کارآمد ثابت ہوتا ہے۔
- بجلی حاصل کرنے کے لیے مختلف قسم کے ڈیم بنائے جاتے ہیں اور یہی ڈیم بجلی بنانے میں کارآمد ثابت ہوتے ہیں۔ طلبہ کو مثال دے کر بتایا جائے کہ مختلف قسم کی گاڑیوں اور آلات میں جہازوں میں پانی توانائی کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| **اعادہ:** | **2منٹ** |

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

| | |
|---|---|
| **جائزہ:** | **6منٹ** |

طلبہ سے توانائی کے دو ذرائع (لکڑی اور پانی) کے بارے میں پوچھیں۔

| | |
|---|---|
| **گھر کا کام:** | **2منٹ** |

ورک شیٹ حل کریں۔

| | |
|---|---|
| **سر گرمی برائے طلبہ:** | **5منٹ** |

اگر توانائی کے مختلف ذرائع جیسا کہ: کوئلہ، قدرتی گیس اور پانی وغیرہ نہ ہوتے تو یہ دنیا کیسی ہوتی؟ اس بارے میں ہر بچہ اپنے خیالات کا اظہار اپنے ہم جماعتوں کے سامنے کرے۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

| | | |
|---|---|---|
| نام: ____________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: توانائی اور اس کے ذرائع |

سوال 1: درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔

الف: توانائی ہمارے لیے کیوں ضروری ہے؟

جواب: ____________________________________________

____________________________________________

ب: توانائی حاصل کرنے کے کوئی سے تین قدرتی ذرائع کے بارے میں مختصراً لکھیں۔

جواب: ____________________________________________

____________________________________________

ج: شمسی توانائی کسے کہتے ہیں اور اس کا کیا استعمال ہے۔

جواب: ____________________________________________

____________________________________________

د: خام تیل سے ہمیں کیا کیا حاصل ہوتا ہے؟

جواب: ____________________________________________

____________________________________________

سوال 2: خالی جگہیں پُر کریں۔

الف: ________ توانائی کا سب سے بڑا قدرتی ذریعہ ہے۔

ب: آج کل دریاؤں پر ________ بنا کر پانی سے بجلی تیار کی جا رہی ہے۔

ج: ________ کی توانائی سے ہوائی چکیاں چلائی جاتی ہیں۔

د: کوئلے سے ________ پیدا کر کے ریل گاڑیوں اور بحری جہازوں کے انجن چلائے جاتے ہیں۔

ہ: کھانا پکانے، کارخانوں کو چلانے کے علاوہ ________ کا استعمال گاڑیاں چلانے میں بھی ہوتا ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: ____ | ہفتہ: 3 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: توانائی اور اس کے ذرائع

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- یہ سمجھ سکیں کہ توانائی کے ذرائع بہت سے کاموں مثلاً اجسام کی حرکات، حرارت، روشنی، آمد و رفت اور برقی آلات وغیرہ) کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔
- توانائی کے قدرتی ذرائع (سورج، لکڑی، بہتا ہوا پانی، ہوا، کوئلہ، تیل اور گیس) کی شناخت کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''توانائی اور اس کے ذرائع'' نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پہلے پوچھیں کہ:

- طلبہ سے کہیں کہ اپنے ارد گرد پانچ ایسی چیزیں تلاش کریں جو توانائی سے چلتی ہیں۔ مشاہدہ کریں کہ ان چیزوں کو چلانے کے لیے کون سی توانائی کا ذریعہ استعمال ہوا ہے؟

طلبہ کو جواب دینے میں رہنمائی فراہم کریں۔ انھیں بولنے کا موقع دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 71-72 سے متن پڑھنے کو کہیں۔ پڑھنے کے دوران میں طلبہ کو جہاں مشکل پیش آئے ان کی رہنمائی کریں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ ہوا بھی توانائی کا بہت بڑا ذریعہ ہے۔ ہوا کے بغیر کسی بھی جاندار کا رہنا ناممکن ہے۔ ہوا سے ہمیں آکسیجن حاصل ہوتی ہے۔
- طلبہ کو مثال دے کر بتایا جائے کہ جس طرح سے ہوا انسانوں کے لیے توانائی کا بہترین ذریعہ ہے اسی طرح سے ہوا کے ذریعے بجلی بھی حاصل ہوتی ہے۔ ہوا بادبانی اور ہوا کی چکی چلانے میں بھی استعمال ہوتی ہے۔

- فلیش کارڈ کے ذریعے طلبہ کو ہوا کی چکی کی تصویر دکھائیں کہ کس طرح ہوا کے ذریعے بجلی پیدا ہوتی ہے۔اور اسی بجلی سے مشینری اور آلات کو توانائی حاصل ہوتی ہے۔
- اب کوئلہ تیل اور گیس کے بارے میں بتائیں۔ طلبہ کو بتائیں کہ کوئلہ تیل اور گیس توانائی حاصل کرنے کے اہم ذرائع شمار ہوتے ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ ان تمام مصنوعات سے بجلی اور حرارت فراہم ہوتی ہے۔ کوئلے کو ہم گھروں اور فیکٹریوں میں استعمال کرتے ہیں۔ کوئلے سے حرارت اور ایندھن فراہم ہوتا ہے تیل سے پٹرولیم بنتا ہے اور پٹرولیم سے ایندھن حاصل ہوتا ہے۔
- صفحہ نمبر 72 پر دی ہوئی تیل، گیس اور کوئلے کی تصاویر دکھائیں۔
- طلبہ کو مثال دے کر بتائیں کہ ایندھن کی مدد سے گاڑیاں چلتی ہے اور مختلف قسم کی مشینری اور آلات کو چلایا جاتا ہے۔
- انھیں بتائیں کہ گیس گھروں اور فیکٹروں میں استعمال ہوتی ہے گیس کے ذریعے مشینری اور مختلف قسم کے آلات استعمال کیے جاسکتے ہیں گھروں میں گیس کھانا پکانے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ گھروں میں جو گیس استعمال ہوتی ہے اسے سوئی گیس کہا جاتا ہے اور سوئی گیس توانائی حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق مختصراً دُہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے پوچھیں کہ:

تیل، کوئلے اور گیس سے حاصل ہونے والی توانائی ہمارے کس کام آتی ہے؟

ہوا کی چکی کس طرح بجلی پیدا کرتی ہے؟

**گھر کا کام:** **2منٹ**

مشق جزو(ا) کے سوالوں کی دہرائی کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

جیسا کہ آپ جانتے ہیں توانائی کے زیادہ تر ذرائع مثلاً: کوئلہ، تیل، گیس اور پانی وغیرہ کے ذخائر محدود ہیں۔ اس لیے انھیں احتیاط سے استعمال کرنا چاہیے۔ ہر بچہ احتیاطی تدابیر اپنی کاپی میں لکھے اور اس سے دوسروں کو بھی آگاہ کرے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: _____ | ہفتہ: 3 | تاریخ: _______ | وقت: 40منٹ |

سبق کا نام: بدلتی دنیا

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- یہ جان سکیں کہ موجودہ دور کی زندگی خوراک، ذرائع ابلاغ اور لباس وغیرہ کے لحاظ سے ماضی سے مختلف ہے۔
- یہ پہچان سکیں کہ سکول، آبادیاں اور ذرائع آمدورفت وقت کے ساتھ کیسے تبدیل ہوئے (دی گئی تصاویر سے)

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان "بدلتی دنیا" نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- کیا ماضی کی طرح حال میں بھی لوگ غاروں میں رہتے ہیں؟
- کیا آپ جانتے ہیں کہ ماضی کے لوگ کیا کھاتے تھے؟

طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور انھیں بولنے کا موقع دیں۔

**طریقہ تدریس:** 20منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 75 سے متن پڑھنے کو کہیں۔ پڑھنے کے دوران میں طلبہ کو جہاں مشکل پیش آئے ان کی رہنمائی کریں۔
- اس صفحہ پر دیے گئے "اہم الفاظ" کے معانی بتائیں۔
- تختہ تحریر ابتدائی انسانی تاریخ کے تین ادوار کو زمانی لحاظ سے ترتیب دے کر لکھیں۔
- طلبہ کو متن کی مدد سے بتائیں کہ ماہرین آثار قدیمہ نے مادی ترقی کے اعتبار سے زمانے کو تین حصوں میں تقسیم کیا ہے۔ پتھر کا زمانہ کانسی کا زمانہ لوہے کا زمانہ

- طلبہ کو فلیش کارڈز (تصاویر) کی مدد سے پتھر کے زمانے لوگوں کے اوزار رہنے کی جگہ اور آگ جلانے کے طریقے کے بارے میں آگاہ کریں۔
- طلبہ کو متن کی مدد پتھر کے زمانے کے بارے میں بتائیں کہ پتھر کے زمانے میں لوگوں کا دارو مدار پتھر، لکڑی یا ہڈی کے اوزاروں پر تھا۔ وہ اوزاروں و کوان کی قدرتی حالت میں تراش خراش کر کے استعمال کرتے تھے۔ اس زمانے میں انسان کسی بھی قسم کی دھات سے نا آشنا تھا۔ اس زمانے میں کوئی مستقل رہائش گاہ نہیں ہوتی تھی لوگ دریاوں کے کناروں غاروں یا قدرتی چٹانوں کے سائے میں رہتے تھے۔ یہ لوگ جانوروں کا شکار کر کے یا قدرتی نباتات سے اپنا پیٹ پالتے تھے۔
- طلبہ کو فلیش کارڈز دکھائیں اور ان کے بارے میں پوچھیں۔
- انھیں جواب دینے کا موقع دیں اور ان کی رہنمائی کریں۔
- طلبہ کو فلیش کارڈز پر دی گئی تصاویر کی مدد سے ماضی میں لوگوں کا رہن سہن، خوراک اور رہائش کے بارے میں بتائیں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| رہن سَہن | رَ۔ ہن۔ سَ۔ ہن | زندگی بسر کرنے کا طور طریقہ |
| نَقل و حمل | نَ۔ قل۔ و۔ حم۔ ل | بار برداری |
| غَذا | غَ۔ زا | خوراک |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے پوچھیں کہ:

موجودہ زمانہ پرانے وقتوں سے کس طرح مختلف ہے، کوئی سی دو باتیں بتائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

آپ کے خیال میں ماضی اور حال میں ہونے والی مختلف تبدیلیاں کونسی ہیں؟

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| | | |
|---|---|---|
| نام:____________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: بدلتی دنیا |

سوال 1: پتھروں کا زمانہ کسے کہتے ہیں اور کیوں؟

جواب: ________________________________

________________________________

________________________________

سوال 2: ماضی کے لوگوں کا رہن سہن کیسا تھا؟

جواب: ________________________________

________________________________

________________________________

سوال 3: پتھر کے زمانے کے ہتھیار کے خاکے بنائیں یا چسپاں کریں۔

پتھروں کے زمانے کے ہتھیار اور ان کے نام

| | | |
|---|---|---|
| | | |
| | | |